قال الله سبحانه وتعالى اقتربت الساعة وانشق القمر

اقتراب الساعة

طبع في مطبعة مفيد عام الكائنة في آگره

بادارة المنشي محمد احمد خان
الصوفي سلمه الله
تعالى

١٣٠١م

Butt

مطلب ہے کہ کام مشکل ہوجاویگا حالت یہہ ہوگی کہ دیکھنے والا شک کریگا امت کے ہلاک ہونے کا ہونیکے باطل ہونے مین یعنی یون سمجھے گا کہ یہہ وقت بطلان امور ہلاک امت کا ہے ستر برس کی ابتدا بعثت سے ہے انتہا موت معاویہ رضی اللہ عنہ پر ہے معاویہ کے بعد فتنہ دُعاۃ ضلال کا کھڑا ہوا یعنی جو ابتک موجود ہے رات دن بڑہتا رہتا ہی ستر برس کے معنی یہہ ہین کہ حالت مذکورہ سے ہمکو فنا یا ہے اسلئے کہ نیچے بطن بطن کے ہوگی پہر استقامت امر نہو سکے گی واللہ اعلم چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ جسدن سے اس امت مین یہہ فتنے واقع ہوئے پہر یہہ امت یہہ ملت نہ سنبہلی اسکی غربت اسلام کی یکیابی روز افزون ہوتی گئی یہانتک کہ اب اسلام کا صرف نام قرآن کا فقط نقش باقی رہگیا ہے مسجدین ظاہر مین تو آباد ہین لکن ہدایت سے بالکل ویران ہین علما اس امت کے بدتر او کے ہین جو نیچے آسمان کے ہین انہین سے فتنے نکلتے ہین انہین کے اندر پہر کر جاتے ہین ۞

امارات بعیدہ قیامت کبریٰ جو ہوچکی ہین

منجملہ اونکے ایک وفات ہے رسول خدا صلعم کی یہہ مصیبت اس دین مین سب سے زیادہ بڑی ہے فرمایا چہ چیزین قیامت سے پہلے ہونگی اونمین سے ایک میری موت بتائی صحابہ نے کہا ابھی ہم نے اپنے ہاتہ بھی خاک قبر نبوی سے نہین جہاڑے تہے کہ ہم اپنے دلونکا انکار کرنے لگے یعنی حضرت کے مرتے ہی رنگ ہمارے دلونکا بدلنے لگا دوسری نشانی قتل ہے عثمان رضی اللہ عنہ کا اسکی خبر رسول خدا صلعم نے پہلے سے دی تھی یہہ کہدیا تہا کہ تم خلیفہ ہوگے اگر منافق تمہارا اوتارنا چاہین تم نہ اتارنا حذیفہ نے کہا پہلا فتنہ قتل عثمان ہے پچھلا فتنہ نکلنا ہے دابۃ الارض کا تیسری نشانی وقعہ جمل ہے اس لڑائی مین طلحہ و زبیر عائشہ رضی اللہ عنہا کو اونٹ پر بٹہا کر لیگئے تہے اسکی خبر بھی آنحضرت صلعم نے اول سے دیدی تھی یہہ تینون قطعی جنتی ہین خطاے اجتہادی پر بھی ایک اجر ملتا ہے چوتھی امارت وقعہ صفین ہے